جناب محمد زاہد خان: جناب راجہ اورنگزیب صاحب نے کہا ہے کہ ہمیں شاید باہر سے امداد ملتی تھی۔ ہم جنہیں باہر سے امداد ملتی تھی ان کو ان کے لیڈر نو سال تک اپنا لیڈر کہتے رہے۔ نو سال تک یہ ہمارے پیچھے پھرتے رہے ہیں اور نو سال تک تو ولی خان کو اپنا لیڈر کہتے تھے۔ ہمیں باہر سے امداد نہ پہلے ملتی تھی نہ اب ملتی ہے۔ ہم نے اس ملک سے محبت کی ہے۔ ولی خان نے mills نہیں لگائیں۔ ولی خان کی کوئی مل نہیں ہے۔ ولی خان نے کوئی زمین نہیں بنائی۔ ولی خان کی وہی زمین ہے جو اس کے باپ دادا کی تھی۔ ولی خان کے کہیں یہ پلازے نہیں ہیں۔ ولی خان کے مختلف شہروں میں حتی کہ پشاور میں بھی پلازے نہیں ہیں۔ ولی خان کا پشاور میں کوئی مکان نہیں ہے۔ ولی خان، خان عبد الغفار خان کا بیٹا ہے اور اس کا باپ بھی جدی پشتی landlord تھا۔ سات پشتوں سے ، سات پشتوں کا شجرہ موجود ہے۔ یہاں بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جن کی سات پشتیں ایسی ہوں گی جو آج ہیں۔ ہم آپ کو اپنی سات پشتیں دکھائیں گے۔ اور سات پشتوں سے یہی جائیداد ہے۔

جناب چیئرمین: جی مولانا صاحب۔

حافظ فضل محمد: خوش قسمتی سے وزیر قانون صاحب بھی تشریف فرما ہیں میں فقط ایک قانونی نقطہ نگاہ کے حوالے سے کچھ معلومات حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ کل کچھ اخبارات میں ایک تصویر چھپی تھی ۔ جس میں اجمل خان صاحب اور ان کے دوسرے ساتھی بھی تھے۔ وہ اپنا

کوئی قومی ترانہ بجا رہے تھے۔ یعنی اپنا ایک مخصوص ترانہ ' ہمارے پاکستان کے قومی ترانے کے علاوہ کوئی اور ترانہ پشتو کے حوالے سے' میں یہ معلومات حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ کہ قانون کے حوالے سے اگر اجازت ہے تو پھر ہم بھی اپنی طرف سے یا اپنی جماعت کے حوالے سے یا اپنی ثقافت کے حوالے سے' اپنی تاریخ کے حوالے سے اس طرح کا کوئی ترانہ ایجاد کریں گے۔

جناب چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین ، جی بتائیں گورنر رول کا کیا کرنا ہے۔ مندوخیل صاحب go to your seat. مندوخیل صاحب، کوئی ممبر سیٹ سے علاوہ بات نہیں کر سکتا۔ سیٹ سے بات کریں۔ رضا ربانی صاحب do you conclude it? کون بولنا چاہتا ہے۔ کون رہتا ہے۔ شیخ رفیق صاحب گورنر رول پہ آپ بات کریں۔

جناب رفیق احمد شیخ ، جناب چیئرمین ! بہت شکریہ۔ جناب مجھے فاضل ممبران سینٹ کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی اجازت دینے پر میں آپ کا آج غیر معمولی طور پہ ممنون ہوں۔ اس وقت ایوان میں جیسے کے آپ نے ابھی کہا۔ جو زیر غور تحریک التوا ہے وہ الحاج جناب میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم پاکستان ------

Adjournment Motion

Re: Governor's Rule In Sindh.

جناب چیئرمین : یہ کیا بات کر رہے ہیں۔ یہ adjournment motion جو ہے imposition of Governor's Rule پہ بات ہو رہی ہے۔

جناب رفیق احمد شیخ : جناب میں اسی سلسلے میں عرض کر رہا ہوں ۔ وزیر اعظم پاکستان و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بیس ماہ کے دوران حکمرانوں کو ہمہ جہت ناکامی ہوئی ہے اور اپنی اس ناکامی کو چھپانے کیلیے جس طرح انہوں نے سندھ میں گورنر رول کا سہارا لیا ہے وہ آج ہمارے زیر غور ہے ۔

حکیم محمد سعید پاکستان کے ایک عظیم محب وطن تھے۔ ان کی اپنی نیکیاں بے شمار

تھیں ۔ بہت اللہ تعالیٰ نے ان کو تخلیقی قوتیں عطا کی ہوئی تھیں۔ ان کے قتل کے سلسلے میں کچھ حالات ہمارے سامنے پیش آئے ہیں لیکن بات کو آگے بڑھانے سے پہلے گزشتہ چند ہفتوں میں جو واقعات وقوع پذیر ہوئے ہیں وہ آپ کی نذر کرنا چاہوں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی شیخ صاحب فرمائیے ۔

جناب رفیق احمد شیخ : تو میں عرض کر رہا تھا کہ اس واقعہ کی کچھ اس طرح ترتیب ہے کہ چودہ اگست 1998 کو ایم کیو ایم نے سندھ حکومت سے لاتعلقی کا فیصلہ کیا۔ اس بناء پر کہ ایم کیو ایم کے ورکرز دھڑا دھڑ قتل ہو رہے ہیں۔ اس کے بعد ایم کیو ایم نے 26 اگست کو سندھ گورنمنٹ اور فیڈرل گورنمنٹ سے support withdraw کر لی۔ پھر 20-9-98 کو ایم کیو ایم نے اپنے اس رویے پہ نظرثانی کی اور یہ کہا کہ ہم حکومت میں شامل تو نہیں ہوتے لیکن اسمبلی میں حکومت کو support کریں گے کیونکہ سندھ میں مسلم لیگ کی جو پارلیمینٹری پارٹی تھی یہ چوتھے نمبر پہ ہے over a hundred members they have hardly 28 members in the Sindh Assembly ۔ پھر پانچ اکتوبر کو سابقہ آرمی چیف came out with a proposal of National Government ' اس کے تین دن کے بعد میاں محمد نواز شریف سے ملاقات کے بعد he resigned۔ اس کے resignation کے بعد ۱۷ اکتوبر کو پاکستان میں دو بہت بڑی عظیم شخصیتوں کا قتل ہوا۔ ایک میرے شہر کے جن سے میرے بڑے قریبی تعلقات تھے، ان کے بزرگوں سے بھی تھے، مولانا عبداللہ کا قتل ہوا اور ایک کراچی جن کا میں پہلے ذکر کر چکا ہوں، حکیم محمد سعید کا قتل ۔ ہم نے دونوں کے لیے یہاں فاتحہ خوانی بھی کی۔ پھر یہ عجب سی بات ہوئی ۔ ادھر حکیم سعید کا قتل ہوا ادھر ہمارے وزیر اعظم کراچی پہنچے اور تھوڑے ہی عرصے میں ایم کیو ایم was again asked to join the government, ان کو وزارتوں میں شامل کیا گیا، portfolio assign ہوئے، ان کے وزیروں نے حلف اٹھائے۔ پھر اچانک ایک رات ہم ٹیلی وژن دیکھ رہے تھے پرویز رشید نے وہ سارا manage کیا ہوگا کہ everybody found that Mian Muhammad Nawaz Sharif addressing a press conference اور اس پریس کانفرنس میں میاں محمد نواز شریف نے سب کو ہکا بکا کردیا یہ کہہ کے کہ حکیم محمد سعید کے قتل میں ایم کیو ایم involved ہے اور

ان کے قتل کی conspiracy نائن زیرو، ایم کیو ایم کا ہیڈ کوارٹر ہے وہاں پہ بنائی گئی تھی اور انہوں نے پھر ایم کیو ایم سے یہ مطالبہ کیاکہ جو قاتل ہیں ان کو حکومت کے حوالے کریں۔ اس کے بعد very natural consequence کہ ایم کیو ایم نے وزارتوں سے استعفیٰ دے دیا۔ حکومت چھوڑ دی and 13th october کو پھر سندھ میں گورنر رول آ گیا اور یہ گورنر رول ordinary قسم کا گورنر رول نہیں تھا۔ یہ ایمرجنسی پرویژن کے تحت تھا جس میں ایک طرف تو اسمبلی dissolve نہیں ہوتی اور دوسری طرف سارے اختیارات فیڈرل گورنمنٹ کے پاس آ جاتے ہیں۔ ہمارے یہاں پر وہ مہربان بیٹھے ہوئے نہیں ہیں جن کو محمد خان جونیجو مرحوم نے سندھ کی چیف منسٹر شپ سے اس باعث ڈسمس کیا تھا کہ ایم کیو ایم کو انہوں نے over night مسلح کر دیا ہے۔ جناب سید غوث علی شاہ صاحب نے '۔۔۔ آپ اس کی تصحیح کر لینا ۔میری انفارمیشن غلط ہو سکتی ہے۔ وہ بیٹھے ہوئے ہیں یہ میں نے دیکھا نہیں 'ہر بات کے درمیان سیف الرحمن صاحب آ جاتے ہیں۔ ورنہ آپ نظر آ جاتے اگر وہ درمیان میں نہ آئے ہوتے۔ اچھا آپ کو اس پر اعتراض ہے۔ I am sorry یہ بات بھی سمجھ میں نہیں آتی کہ پچھلے طویل عرصے سے جناب وزیر اعظم' ان کے بھائی پنجاب کے چیف منسٹر' ہمارے جنرل عبدالمجید ملک صاحب' پہلے تو وہ جہلم ڈسٹرکٹ کا ہی حصہ ہوا کرتے تھے اور ہمارے جانثار چوہدری نثار صاحب الطاف حسین سے' ایم کیو ایم کے لیڈروں سے بڑی طویل باتیں کرتے رہے ہیں۔ بڑی طویل گفتگو ہوتی رہی ہے۔

(مداخلت)

جناب رفیق احمد شیخ۔ مجھے ڈسٹرب کریں گے تو میں بوڑھا آدمی ہوں۔ گھبرا جاؤں گا۔ آپ کے اباجی ہوتے تو مجھے اس طرح ڈسٹرب نہ کرتے۔ ان سے بڑا یارانہ تھا۔

He was the father of sports in Pakistan.

Mr. Chairman: Very respected and highly respected figure of the Frontier Province.

جناب رفیق احمد شیخ۔ تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا انہیں پہلی بار ایم کیو ایم کے بارے میں معلوم ہوا کہ یہ اطلاع صحیح ہے یا غلط۔ میرا سوال یہ ہے کہ ابھی تک کسی ایف آئی اے کی ایجنسی نے آئی بی نے' سی آئی اے نے ان کو کوئی اطلاع نہیں دی تھی اور اس

دوران جو جوان مارے جاتے رہے۔ بوڑھے مار جاتے رہے۔ لاشیں بند بوریوں میں ملتی رہیں۔ بسیں جلتی رہیں۔ ٹرک جلتے رہے دکانوں پر حملے ہوتے رہے۔ دفتروں پہ حملے ہوتے رہے۔ سیاسی لوگ مرتے رہے۔ مولوی صاحبان مرتے رہے۔ میرے جیسے گناہگار لوگ مرتے رہے۔ کیا اس سے پہلے کسی تفتیش میں انہیں کچھ پتہ نہیں چل سکا۔ یہ پورے پونے دو سال کے بعد انہیں پہلی مرتبہ پتہ چلا۔ ان کو compensation کیوں دی گئی۔ ان کے قیدی کیوں رہا کیے گئے۔ کیا وہ ابھی تک صرف ایک ہی تفتیش میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہزاروں نوجوان، بوڑھے بچے اور خواتین کا خون کس کے ہاتھ پر ہے۔ ان کے خون کا حساب کس سے لیا جائے گا۔ اگر ایک قتل کے لئے یہ اہتمام کیا گیا۔ تو ہزاروں قتلوں کا کیا ہوگا۔ لوگ پوچھنے میں حق بجانب ہیں۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ایم کیو ایم پر یہ الزام اس لئے لگایا گیا ہے کہ ایم کیو ایم کے خلاف آپریشن کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ یہ تو عدالت میں ہی جا کر پتہ چلے گا کہ کس نے قتل کیا۔ کہاں سازش ہوئی تھی۔ کس نے مارا ہے۔ مگر لوگ یہ پوچھنے میں حق بجانب ہیں کیونکہ over whelming majority of the people of Pakistan is affected جب سے محترمہ سے اقتدار چھینا گیا ہے۔ کراچی جل رہا ہے، روشنیاں بجھ گئی ہیں۔ لوگ مارے جا رہے ہیں۔ قتل و غارت عام ہو گیا۔ بند بوریوں میں لاشیں مل رہی ہیں۔ بس ٹرک لاریاں کاریں جلائی جا رہی ہیں۔ عمارتوں کو آگ لگائی جا رہی ہے ---

جناب چیئرمین۔ یہ تو ساری justification ہے for Governor rule

جناب رفیق احمد شیخ۔ وہ جی اب گورنر رول Who is accused میں یہ عرض کر رہا ہوں جی۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال اب شیخ صاحب windup کرلیں جی۔

(مداخلت)

جناب رفیق احمد شیخ۔ آپ نے تو ۲۵ منٹ کا کہا تھا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، نہیں، یہ تو تحریک التواء پر بحث ہو رہی ہے۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ چلیں میں پندرہ منٹ کر دیتا ہوں۔ میں بھی محرکین میں سے ہوں۔

جناب چیئرمین۔ کوئی بات نہیں ہے۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ آپ نے اس دن اعلان کیا تھا آپ مجھے پہلے بتا دیتے، اگر آپ نے withdraw کرلیا ہے تو بتا دیتے۔

جناب چیئرمین۔حالات کے پیش نظر اب ہمیں اس کو ختم کرنا ہے۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ نہیں وہ ٹھیک ہے۔ لیکن جناب سارے ملک میں یہی صورتحال ہے کہیں وزیروں پر حملہ ہو رہا ہے۔ کہیں ججز پر حملہ ہورہا ہے۔ کہیں ایم این اے قتل ہو رہا ہے، پنجاب میں کہیں ایم پی اے مارا جا رہا ہے۔ کہیں ایس پی مارا جارہا ہے۔ کہیں وزیر بچ جائیں تو باڈی گارڈ مارا جائے تو اس کا مقدر ہے ۔ جج بچ جائیں باڈی گارڈ مارا جائے۔ آج بھی گورنر رول کے بعد وہی کیفیت ہے ۔ پچھلے دس پندرہ دن میں کوئی فرق نہیں پڑا ۔ اور پھر ایک عجب کیفیت ہوگئی ہے ہر بات پہ یہ کہتے ہیں کہ ہماری اول ترجیح ہے ۔ کراچی کے حالات کو سدھارنا ہماری اول ترجیح ہے ۔ law and order restore کرنا ہماری اول ترجیح ہے ۔ تعلیم عام کرنا ہماری اول ترجیح ہے ۔ ملک کا دفاع ہماری اول ترجیح ہے ۔ صنعت کو ترقی دینا اول ترجیح ہے ۔ تجارت کو ترجیح دینا ہماری اول ترجیح ہے۔ اس اول ترجیح کا راگ سن سن کر کان پک گئے ہیں۔ پہلے صرف وزیر اعظم کہا کرتے تھے اب ان کا ہرصوبائی وزیر اور مرکزی وزیر ہر بات کو اول ترجیح دے رہا ہے۔ میں نے 38 tabulate کی ہوئی ہیں کہ اول ترجیحات ہیں۔ اب میں سوچنے پر مجبور ہوں کہ ان میں A-1, A-2, کونسی ہیں یہ ترجیحات کا محاورہ کب ختم کریں گے۔ ایک اور ترکیب بھی جناب استعمال کرتے ہیں -----

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ شیخ صاحب، اب wind up کرلیں جی ۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ جی اب کرنے لگا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ پچاس سال کا گند ہم نے صاف کرنا ہے۔ یہ کہ پچاس سال میں ہر چیز تباہ ہوگئی ہے۔ صنعت، تجارت اور تعلیم وغیرہ سب تباہ ہوگئی۔ یہ بات بھول جاتے ہیں کہ ان پچاس سالوں میں قائداعظم کا دور بھی آیا تھا، خان لیاقت علی خان کا دور بھی آیا تھا۔ میرے ایک دوست ادھر بیٹھے ہوئے ہیں ہمارے چوہدری محمد علی جنہوں ۵۶ء کا آئین دیا تھا ان کا بھی ایک دور آیا تھا۔ پھر اس کے بعد وزیر اعظم کے اپنے

patron کا پورے دس سال کا دور آیا۔ خود وزیر اعظم کا دور آیا۔ سولہ سال یہ پنجاب کے حکمران رہے ہیں۔ ایک اڑھائی سال کا عرصہ نکال دیجئیے سب سے بڑے صوبے کے یہ حکمران رہے ہیں۔ خود اب ان کو چھ سال ہوگئے ہیں اس ملک پر حکمرانی کرتے ہوئے تو یہ پچاس سال کی calculation کیا ہے؟ کیا کوئی وزیر جو تھوڑی سی ارتھمیٹک بھی جانتا ہو، اس کو کیلکیولیٹ کرسکے گا؟ کہ کس نے، (****) خان لیاقت علی خان نے گند ڈالا تھا؟ چوہدری محمد علی نے گند ڈالا تھا؟ جنرل ضیاء الحق گند ڈال گئے؟ مرحوم جونیجو صاحب یہ گند ڈال گئے ؟ یامیاں صاحب نے خود یہ گند ڈالا ہے ؟ یہ پچاس سال کی ارتھمیٹک کیلکیولیشن، حساب کا شمار تو اپنی جگہ رہا ناں،

(مداخلت)

جناب رفیق احمد شیخ۔ میں تو ان کا جواب دے رہا ہوں کہ یہ (*********) دیتے ہیں۔ مجھے یہ فخر ہے کہ میں قائد اعظم کے قدموں میں بیٹھا ہوں ۔ میرے ماتھے پر آج بھی ان چوٹوں کے نشان ہیں جو مجھے پاکستان بنانے میں حصہ لیتے وقت آئیں تھیں۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جناب چیئرمین، قائد اعظم کے بارے میں ذکر کو حذف کیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ قائد اعظم کے بارے میں الفاظ حذف کئے جاتے ہیں ۔

جناب رفیق احمد شیخ ۔ میں نے کہا کہ پچاس سال کے ذکر میں یہ قائد اعظم کے دور کو شامل کرتے ہیں یا نہیں ؟

جناب چیئرمین۔ نہیں کرتے جی ۔ کوئی نہیں کرتے جی ۔ نہیں ٹھیک ہے وہ حذف کردیئے گئے ہیں ۔

(مداخلت)

جناب رفیق احمد شیخ۔ آپ کان کھول کر بیٹھیں ۔ کان کھول کربیٹھیں ۔ میں نے کہا آپ کہہ رہے ہیں آپ کا ہر وزیر یہی کہتا ہے۔ میں نے یہاں اعظم ہوتی کو یہ کہا تھا کہ what is this fifty years اس ایوان میں یہ کیا آپ نے گردان مچائی ہوئی ہے fifty years کی؛ اب چھ سو دنوں کی

(*****) Expungend by the order of the Chairman.

نواز شریف کی بادشاہی میں لوگ بیروزگار ہو رہے ہیں، بھوکے مر رہے ہیں، صنعتیں بند ہو رہی ہیں، سرکاری غیرسرکاری، پرائیویٹ اداروں سے لوگوں کو نکالا جا رہا ہے۔ تعلیم سے بچے محروم ہیں اور یہ ملک سارا جل رہا ہے-----

جناب چیئرمین۔ شیخ صاحب اب میرے خیال میں ---

جناب رفیق احمد شیخ۔ اب ختم کرنے والا ہوں جی۔ شاید میاں صاحب حفیظ جالندھری کو آج کل وہ بڑے غور سے پڑھ رہے ہیں اور ان کی وہ معرکۃ الآرا -----نہیں شاہنامہ نہیں جی، بہار آفرین، مجھے معلوم ہوتا ہے وہ گنگناتے ہیں اور اس آخری شعر پر آکے وہ رک جاتے ہیں۔

تنزل کی حد دیکھنا چاہتا ہوں

کہ شاید وہیں ہو ترقی کا زینہ

اور بھارت کے ایٹمی دھماکے سے اس ملک میں جو قومی یک جہتی آئی تھی وہ 1965ء کی قومی یک جہتی سے بھی بڑھ کر تھی ۔ میں خود لاہور کا ہوں، میں نے 1965 میں لاہور کے عوام کا جلوس لیڈ کیا تھا اور جب ہم یکی گیٹ کے پل کے قریب پہنچے تھے، انڈیا کے جہازوں نے ہم پر بمباری کی۔ دو اشخاص شہید بھی ہوگئے، بیچارے کچھ زخمی ہو گئے۔ مجھے بھی تھوڑی سی خراشیں آئیں۔

جناب چیئرمین۔ شیخ صاحب یہ گورنر رول پر ایڈجرنمنٹ موشن ہے۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ وہیں آ رہا ہوں جی ۔ یہ سارا انہی کا کرنا ہے جی ۔

جناب چیئرمین۔ میرے خیال میں اب وائنڈ اپ کر لیں کیونکہ اب باقی بولنا چاہ رہے ہیں۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ اس ملک کو پارہ پارہ کر دیا ۔ اور پھر میں جو عرض کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ بحران پیدا کر رہے ہیں، کبھی اسلام کا مقدس نام لیکر، کبھی شریعت کا نام لے کر، کبھی کالا باغ ڈیم کا نام لے کر، کبھی foreign exchange لوگوں کے کھا کر، کبھی خود ڈیکٹیٹر بن کر۔ یہ بحران پیدا کر رہے ہیں ۔ اب یہ گورنر راج کا بھی ایک بحران پیدا کیا گیا ہے۔ کیونکہ یورپ کے اخبارات میں جو چھپا ہے، "Sunday Express" میں جو چھپا ہے، آبزرور میں جو چھپا ہے، ٹائمز میں جو چھپا ہے، ان کی منی لانڈرنگ، ان کے ڈیفالٹس، ان کے Mayfair flats, ان کی

کرپشن، اس کی طرف سے لوگوں کی توجہ ہٹ جائے اور واقعی یہ اس میں کامیاب ہو گئے ہیں۔

بے خودی بے سبب نہیں غالب

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

یہ اس پر پردہ ڈالنے کے لیے ایک کے بعد دوسرا بحران پیدا کر رہے ہیں اور latest بحران اس میں گورنر راج ہے ۔ گورنر راج کے consequentional notifications ہیں اور لوگ اب ان کی کرپشن بھول گئے ہیں، منی لانڈرنگ بھول گئے ہیں، Mayfair flats بھول گئے ہیں ۔

جناب چیئرمین ۔ O.K جی، thank you جی۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ بس ایک منٹ جی ۔اتنا تو نہیں ناں ۔ میں تو کبھی کبھار بولتا ہوں جی ۔

جناب چیئرمین۔ اس کا یہ مطلب تو نہیں ناں ۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ جی اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے پچیس منٹ کہے تھے، میں پندرہ منٹ پر ختم ----

جناب چیئرمین۔ نہیں نہیں، کوئی پچیس منٹ نہیں کہے ۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ پہلے کہہ دیتے ناں ۔ This is not fair میری آدھی تقریر کے دوران آپ نے یہ کہا ہے ۔ میں نہیں بیٹھوں گا جب تک میں اپنی آخری بات ختم نہیں کر لوں گا ۔

جناب چیئرمین۔ پلیز شیخ صاحب! آپ دیکھیں ناں گورنر رول پہ ---آپ دیکھیں آپ جب بھی اٹھتے ہیں میں کہتا ہوں کہ ان کو ضرور موقع دیں ۔ لیکن اب گورنر رول پر بحث ہو رہی ہے ۔آپ بات کر رہے ہیں ۔

جناب رفیق احمد شیخ۔ میں گورنر رول پر بات کر رہا ہوں کہ گورنر رول ایک بہانہ بنایا گیا ہے لوگوں کی توجہ کو divert کرنے کے لیے، یہ قتل ایک بہانہ بنایا گیا ہے ۔ وہ لوگ جو ان کے خلاف ابھر کر باہر گئے تھے، ابال آگیا تھا لوگوں میں، کہ انہوں نے یہ ڈاکے ڈالے ہیں، یہ کرپشن کی، یہ بینکوں کے ڈیفالٹ کیے ہیں، یہ جائیدادیں بنائی ہیں دوسرے ملکوں میں، یہ منی

لانڈرنگ کی ہے ۔ اس پر پردہ پوشی کرنے کے لیے انہوں نے کراچی میں یہ کارروائی کی ہے اور یہ نالائق اور اتنے نااہل نہیں لیکن بدنیت بہت زیادہ ہیں۔ اور یہ بدنیتی سے بحران پیدا کررہے ہیں۔ اکثر و بیشتر ان کی بدنیتی ہے ورنہ یہ ملک تمام بحرانوں سے گریز کر سکتا تھا ۔ اور آخر میں ، میں ان سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ، چونکہ اس ایوان میں بات کر رہا ہوں اس لیے اب یہ پرویز رشید کے لیے privilege motion تو نہیں بنے گا ، حکمرانوں کے لیے اب ایک ہی راستہ ہے ۔ وہ استعفیٰ دیں ، نیوٹرل گورنمنٹ یہاں بنے ، وہ جنرل الیکشن کرائے ، سارے ملک میں ایک نیا مینڈیٹ چاہیے ۔ ان کی کرپشن کے بعد ، ان کی ناکامی کے بعد ، قوم کو مایوس کرنے کے بعد لوگوں کو ایک نیا مینڈیٹ دینے کا موقع ملنا چاہیے ۔ یہ ان کو ناکامی ہوئی ہے constitution کو amend کرنے میں ۔ انہوں نے تو کہا ہے کہ سمندر میں غرق کریں گے ، میں ان لوگوں میں نہیں ہوں جو ان کو سمندر میں غرق کریں گے ، اگرچہ انہوں نے کہا تھا کہ عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ، انہوں نے phrase استعمال کی تھی مگر وہ grammer کی بات ہے ، ان کو بھاگنے نہیں دیں گے۔

جزا سزا سب یہیں پر ہو گی
یہیں عذاب و ثواب ہو گا
یہیں سے اٹھے گا شورِ محشر
یہیں پہ روزِ حساب ہو گا

جناب چیئرمین۔ قاضی انور صاحب ۔ایک منٹ جی قاضی صاحب بول لیں ،ایک منٹ جی ایک منٹ۔ جی قاضی صاحب۔

قاضی محمد انور۔ جناب چیئرمین! یہ بہت ہی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ کسی سے بھی نہیں ہو رہی اعتراز صاحب میرے پاس یہ سارے بیٹھے ہوئے ہیں۔ ضرور آپ کو موقع ملے گا ۔ میں کیا کروں مولانا صاحب ،میں خود تو نہیں بول رہا ناں۔ آپ ہی لوگوں کو بلوا رہا ہوں ناں ۔ صرف یہ ہے کہ مجھے آخر کسی کو تو باری دینی ہوتی ہے ناں۔ ان کو پہلے موقع دے دیں ۔

قاضی محمد انور۔ جناب میں عرض کرتا ہوں ،میں لمبی تقریر کرنے کا عادی بھی نہیں

ہوں، آپ نے دیکھا ہو گا کہ نہ میں لمبے سوال کیا کرتا ہوں نہ لمبی تقریر کر سکتا ہوں۔ میں ٹو دی پوائنٹ ہوں گا relevant ہوں گا۔ جناب یہ آج جو یہ موشن ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ کیا مسئلہ کیا ہے، کیا ہو گیا ہے۔ جی فرمائیے۔

قاضی محمد انور۔ جناب یہ موشن بہت ہی اہم ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ جی قاضی صاحب۔

قاضی محمد انور۔ جناب میں بات کرنا چاہتا تھا۔ یہ موشن وفاق پاکستان کے لئے بہت اہم ہے۔ سر یہ سینٹ جو ہے یہ وفاق کی علامت ہے اور پاکستان کا وفاق چار اکائیوں پر مشتمل ہے۔ جس میں سندھ کی ایک اکائی ہے۔ اور یہ اکائی دو آبادیوں پر مشتمل ہے دیہی آبادی اور شہری آبادی۔ سر تیس اکتوبر کو جو اعلامیہ جاری ہوا ہے جس کے تحت فیڈرل گورنمنٹ نے powers assume کر کے Governor کو authorize کیا ہے کہ وہ فیڈرل گورنمنٹ کے behalf پر power utilize کرے۔ یہ اس سے پہلے بھی ہوا ہے پاکستان میں ایسا یہ پاکستان میں پہلی بار نہیں ہے۔ لیکن ذرا سا اس میں فرق ہے۔ 1994 میں میرے صوبے میں ایسا ہوا ہے۔ But that was under Article 234 پنجاب میں ایسا ہوا ہے That was under Article234 اس بار جو ہوا ہے اس دفعہ بڑی عجیب بات ہوئی ہے کہ 28 مئی کو جو اعلامیہ جاری ہوا جس کے تحت ایمرجنسی نافذ ہوئی under Article 232 یہ موجودہ اعلامیہ جو ہے یہ اس power کو use کرتے ہوئے کیا گیا اور اس اعلامیے میں اگر آپ دیکھیں تو اس کی جو ابتدا ہے وہ یہ ہے کہ under the powers of Article 232 اعلامیہ فلاں ڈیٹ۔ سر یہ جب بھی ایسا ہوتا ہے یہ ایک آخری ایسے ہوتا ہے جیسے بیمار انتہاء کو پہنچ جائے یہ بہت ہی خطر ناک قدم ہے۔ یہ جو موجودہ ہوا ہے It is not under Article 234 , It is under Artical 232. اور اس میں جن حالات میں ہوا ہے کہ وزیر اعظم نے ایک پریس کانفرنس کی یہ عجیب تھا کہ وزیراعظم نے بصد احترام! ایک I,O. کا کردار ادا کیا تفتیشی آفیسر کا۔ وزیر اعظم صاحب ٹی وی پر آئے اور انہوں نے ملزموں کی لسٹ سنائی کہ فلاں فلاں حکیم محمد سعید مرحوم کے قتل میں مطلوب ہیں۔ اور یہ ملزم اڑتالیس گھنٹے میں اپنے آپ کو پیش کر

دیں اور ایم کیو ایم ان کو حاضر کرے وگرنہ ایم کیو ایم اور ہمارا راستہ جدا ہو گا۔

برصغیر کی ہسٹری میں' دنیا کی ہسٹری میں کبھی آپ نے یہ نہیں دیکھا ہوگا کہ وزیراعظم ملزموں کی فہرست سنائے' ٹی وی پر سنائے اور اس سے پہلے سنائے کہ وہ گرفتار ہوں۔ ان کو گرفتاری سے قبل بتائے کہ فلاں فلاں accused ہیں۔ اور پھر آپ نے دیکھا کہ دو دن کے بعد وہ ہوا اور یہ گورنر راج نافذ ہوا ۔سر ہمیں خدشہ ہے کہ اس سے وفاق کمزور ہو گا ۔ہمیں خدشہ ہے کہ اس سے صوبے اور مرکز کے درمیان جو پہلے سے کافی سا فاصلہ ہے وہ زیادہ ہو جائے گا۔ ہمیں خدشہ ہے کہ اس سے بد گمانیاں زیادہ ہوں گی غلط فہمیاں زیادہ ہوں گی اور جس طریقے سے اسلام آباد میں بیٹھ کر سندھ کی حکومت چلائی جارہی ہے وہ مزید پیچیدگیاں پیدا کر رہی ہے ۔اس سے یہ نظر آتا ہے کہ پاکستان میں اکائیوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے ۔سندھ میں ہونے والے واقعات۔ اس سے یہ نظر آتا ہے کہ پاکستان میں اکائیوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ سندھ میں ہونے والے واقعات خصوصاً دوسرے چھوٹے صوبوں کو وارننگ دیتے ہیں۔ میں پنجاب کی بات نہیں کرتا۔ وہاں چھوٹے میاں بیٹھے ہیں ۔ وہ میاں صاحب ہی ہیں لیکن بلوچستان اور میرا صوبہ وہ بھی جب سندھ کی طرف دیکھتے ہیں تو وہ بھی یہ محسوس کرتے ہیں کہ اگلا نمبر ان کا ہے ۔ گورنر راج مسئلے کا حل نہیں ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ وہاں اب کیا ہو رہا ہے ۔ عوام کی منتخب اسمبلی کے ساتھ جو کچھ کیا جا رہا ہے۔ اس سے یہ شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے کہ ایک Constitutional crisis آ گیا ہے اور یہ Constitutional crisis ہمیں confrontation کی طرف لے جا رہا ہے اب confrontation کی situation ہے اور یہ collapse ہو جائے گا ۔ مجھے تو یہ ڈر ہے کہ خدا نہ کرے اس پر بغیر کسی prejudice کے ' اس کے pros and cons پر بحث ہونی چاہیے ۔ اس کے جواز پر بھی' میں یہ نہیں کہتا کہ کیا یہ جواز sufficient تھا جس پر آپ گورنر رول نافذ کر سکتے تھے اور کیا ایک single murder بہت بڑا آدمی تھا ۔ میں یہ نہیں کہتا لیکن کیا single murder سے یہ سارا set up collapse ہو جائے گا ۔ حکیم سعید جتنے بھی باعزت تھے ۔ ان کی عزت میں کوئی شک نہیں ہے ۔ان کے ساتھ میرے ذاتی تعلقات بھی تھے اور میں ان کے ادارے کا کوئی پچھلے دس بارہ سال سے لیگل ایڈوائزر ہوں اور آج بھی ہوں لیکن اس سب کچھ کے باوجود میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کیا یہ ایک قتل گورنر رول کو justify کرتا تھا اور جس طریقے سے یہ گورنر رول نافذ کیا گیا ۔ اس سے بہت سے شکوق پیدا ہوئے ہیں۔ ایسا نظر آتا ہے کہ things are not

transpired تو اس لئے ضروری ہے کہ اس پر بحث ہو اور pros and cons discuss کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ اب اس طرف سے جی شاہ صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

سید غوث علی شاہ۔ جناب والا! ویسے تو جناب! بہت ساری باتیں ہوتی ہیں لیکن چونکہ میرے سامنے، میں بیٹھا ہوا ہوں اور انہوں نے ایک ایسی بات کہہ دی اور جس میں کوئی نہ جان ہے اور نہ اس میں کوئی بات ہے۔ جس طرح انہوں نے کہا کہ میں نے ایم کیو ایم produce کیا ہے۔ اب ایم کیو ایم والے خود بیٹھے ہیں - ان سے پوچھا جائے کہ بھئی آپ کو کس نے produce کیا ہے اور پھر کہا کہ جونیجو صاحب مرحوم، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ ان کے ساتھ جو تعلق تھا۔ وہ اچھا تھا لیکن on record میں یہ کہوں گا کہ کوئی کسی کو produce نہیں کرتا ہے۔ یہ عوام ہی produce کرتی ہے۔ قوم پارٹیز کو produce کرتی ہے۔ پھر پارٹیز کو فنا بھی کر دیتی ہے - یہ بھی سارا عوام اور قوم کا مسئلہ ہوتا ہے - ایک بات یہ ہے اور دوسرا مرحوم محمد خان جونیجو صاحب نے کبھی مجھ سے نہ کوئی ایسی بات کہی نہ میری حکومت dismiss ہوئی۔ میں نے تو خود استعفیٰ دیا تھا اور میرے استعفیٰ کے بعد dismiss تو مرحوم جونیجو کی حکومت ہوئی۔ تو ریکارڈ درست ہونا چاہیے - اس طرح کی بات سینئر ممبر سے اچھی نہیں لگتی - شکریہ جی -

جناب چیئرمین۔ جی مولانا فضل محمد صاحب۔ اس کے بعد اس طرف سے۔ مولانا صاحب کے بعد پھر اس طرف سے۔ مولانا صاحب -

حافظ فضل محمد۔ جناب والا! آپ کتنے منٹ دیں گے۔

جناب چیئرمین۔ دس منٹ جی۔ دس منٹ -

حافظ فضل محمد۔ اس وقت جو آنے کا فیصلہ کیا تھا۔

جناب چیئرمین۔ بہت لمبا ہو گیا ہے اب اس کو ختم بھی تو کرنا ہے ناں۔ اجلاس بھی آخر ختم کرنا ہے، wind up کرنا ہے -

حافظ فضل محمد۔ اتنا اہم مسئلہ ہے -

خواجہ قطب الدین۔ جناب! ایک تو یہ ہے کہ ایک disadvantage ہے کہ آخر میں بولنا اور یہ ہے کہ penalise ہونا کہ ۲۵ منٹ کی جگہ ۱۰ منٹ کر دینا تو میرے خیال سے جب

آپ allow کر ہی رہے ہیں تو allow کر دیں۔

Mr. Chairman: If the debate gets unduly prolonged then I can cut it down.

حافظ فضل محمد۔ چلائیں اجلاس چلائیں۔

جناب چیئرمین۔ آخر ساری عمر تو نہیں چل سکتا ناں۔

حافظ فضل محمد۔ جناب! دس منٹ میں ہم کیا کہہ سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ یہ اجلاس جو ہے۔ اس کا میاں رضا ربانی کو معلوم ہے۔ He discussed with me.

میاں رضا ربانی۔ جناب! میرے ساتھ کوئی discuss نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین۔ آج کا' آج کا۔ آپ بتائیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب میرا خیال ہے۔ جتنا جو آپ ٹائم مقرر کریں۔ میرا خیال ہے کہ نو بجے تک ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی نو بجے تک چلاتے ہیں لیکن اس چیز کو ختم کریں، کل بھی ہو گا لیکن ختم ہو گا تو آگے کچھ ہو گا۔ جی حافظ فضل محمد صاحب۔

حافظ فضل محمد۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ جناب عالی کہ بہت بڑے لمبے انتظار کے بعد آپ نے مجھے چند منٹ مرحمت فرمائے۔ اگرچہ یہ انتہائی اہم اور انتہائی تفصیل طلب موضوع ہے۔ جناب عالی! کوئی بھی سیاسی ورکر، کوئی بھی سیاستدان' کوئی بھی سیاسی میدان میں کام کرنے والے جہاں کہیں بھی دنیا میں ہوں وہ گورنر راج کی حمایت نہیں کر سکتے۔ گورنر راج کے لگانے سے حکومت نے یہ تسلیم کر لیا کہ ہماری حکومت وہاں ناکام ہو گئی ہے۔ جب ہم پہلے کہا کرتے تھے کہ جو حکومت جس شکل میں، جس صورت میں، جس set up سے تم نے تشکیل دی ہے' یہ ناکام ہے۔ البتہ جناب عالی! انہوں نے اس کا حل گورنر راج سے نکالا ہے جبکہ گورنر راج کے تجربے یہاں ہمارے پاکستان میں پہلے ہی کئی دفعہ ہو چکے ہیں لیکن کسی بھی گورنر راج نے ایک اچھا اور خوبصورت نتیجہ کبھی نہیں دیا ہے۔ بلوچستان میں بھی یہ آزما چکے ہیں۔

مجھے تو اس بات پر یقیناً افسوس ہے کہ پیپلزپارٹی والوں نے بھی یہی سب کچھ ماضی میں کیا کہ آج جس عمل کی وہ مخالفت کر رہے ہیں جبکہ ان ہی کے ہاتھوں سے دونوں چھوٹے صوبوں کی حکومتوں کو برطرف کر کے وہاں مرکز راج کو قائم کر دیا گیا اور صوبوں کے حقوق کو سلب کر کے وہاں پر جس ریاستی دہشت گردی کا مظاہرہ کیا گیا وہ بھی خونی تاریخ کا ایک حصہ ہے۔

جناب عالی! مجھے اس بات پر بڑا افسوس ہے کہ حکیم سعید صاحب مرحوم جیسی شخصیت کچھ دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہوئی لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ حکیم سعید صاحب بہت بڑی شخصیت تھے۔ اسی انداز سے مولانا عبداللہ صاحب جو ہمارے یہاں اسلام آباد کی لال مسجد کے خطیب تھے اور رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین بھی تھے، ایک ہی دن میں دونوں شہید کئے گئے۔ تو اگر اصول ہے، اگر اخلاق ہے، اگر جرأت ہے، اگر ہمت ہے، اگر حوصلہ ہے تو اسی دن جس شہادت کو کراچی میں بہانا بنا کر، دلیل بنا کر، علت اور وجہ بنا کر وہاں گورنر راج نافذ کر دیا گیا تو اسی قسم کا قتل یہاں اسلام آباد میں ان کی ناک کے نیچے، اس قسم کی درندگی اور دہشت گردی کا مظاہرہ کیا گیا تو اس کو دلیل بنا کر ہمارے وزیر اعظم صاحب میں اخلاقی جرات ہونی چاہیئے تھی کہ وہ مستعفی ہو جاتے یا یہاں پر فوج کو دعوت دے دیتے کہ بھئی ہم ناکام ہوگئے ہیں۔ اگر وہ صوبے میں ناکام ہو گئے تھے تو اسی قسم کی دہشت گردی کا مظاہرہ یہاں اسلام آباد میں ان کے سامنے ہوا۔ جناب عالی! یقیناً حکیم سعید صاحب قابل احترام شخصیت تھے لیکن اگر ان کے احباب کا اور متعلقین کا حلقہ تھا تو اسی قسم کا مولانا عبداللہ صاحب کا بھی ایک حلقہ تھا، ان کے بھی متعلقین تھے، ان کے بھی احباب تھے، ان کے مرید تھے، مقتدی تھے۔ اگر وہ گورنر راج کے لئے جواز بن سکتا ہے تو کیا وزیر داخلہ صاحب یہ فرمائیں گے کہ انہوں نے ایک دن بھی یہ تکلیف گوارہ کی ہو اور پولیس افسران سے پوچھا ہو کہ تم نے مولانا عبداللہ صاحب کے قتل کے کیس کے حوالے سے کس حد تک پیش رفت کی ہے۔

جناب عالی! مجھے ذاتی طور پر ہمیشہ اس بات پر دکھ ہوتا ہے کہ اصول نہیں، اخلاق نہیں، روایات نہیں، قوانین نہیں، ضابطے نہیں بلکہ اپنے ذاتی مفادات اور اپنے سیاسی مفادات کے لئے قانون کو ایک کھلونا بنا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے پہلے بھی، ہمارے پاکستان کی ساری ہسٹری بھری ہوئی ہے، ہمیشہ حکمرانوں نے اپنے مذموم عزائم کے لئے، اپنے ذاتی مفادات کے لئے، اپنے سیاسی مفادات کے لئے، اپنے اقتدار بچانے کے لئے اس قسم کے حربے استعمال کئے ہیں۔

آئین میں ایک مخصوص حالات میں کچھ مخصوص اختیارات تفویض کئے جاتے ہیں۔ تو ان سے فائدہ اٹھا کر ان کو اتنے وسیع و عریض کر کے اپنے سیاسی اور اپنے ذاتی مفادات کو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر مجھے دکھ ہوتا ہے۔

جناب عالی! اگر دہشت گردی ہے تو مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہا ہے '۲۰' مہینوں کی بات ہے' ہمارے اور آپ کے سامنے ہے' ایک ہفتے میں MQM دنیا کی NO.1 دہشت گرد بن جاتی ہے لیکن دوسرے ہفتے میں دنیا کی No.1 محب وطن جماعت بن جاتی ہے اور امن پسند بن جاتی ہے۔ ایک ہفتے جب ان کے ساتھ بیٹھتے ہیں تو تمام جرائم معاف اور ان سے درگزر کر لیتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف مجھے اس بات پر بھی افسوس ہے کہ اگر ان کی مسلم لیگ کے ساتھ مصالحت ہوتی ہے تو ہمارے دوسرے احباب آسمان کو سر پر اٹھا لیتے ہیں کہ دہشت گردوں کے ساتھ انہوں نے اتحاد کر لیا ہے' ان کو اپنے ساتھ ملایا ہے اور عوام کے اوپر دہشت گردوں کو مسلط کیا ہے۔ جب ان کی علیحدگی ہوتی ہے۔ جس طرح ہمارے راشدی صاحب نے فرمایا ہے کہ نکاح تو ان کا ہمارے ساتھ ہوا تھا لیکن چند عرصے کے لئے وہ آنکھ وہاں لڑاتے رہے اور ان کو خراب کر کے ہمارے پاس بھیج دیا۔ مجھے اس کی نفاست پر حیرانگی ہے کہ آپ کے ساتھ ان کا نکاح تھا' وہ وہاں خراب ہو کر آئے' آپ ان کو پھر کس بنیاد پر قبول کر رہے ہیں۔ انہوں نے کیسے اس نکاح کو دوبارہ قبول کر لیا۔ جناب عالی! یہ اصول نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم تو بغیر کسی مفاد کے اصولی بات کرتے ہیں۔ اگر واقعتاً MQM والے کہتے ہیں کہ ہم سیاسی لوگ ہیں تو جب بھی کوئی دہشت گرد پکڑا جاتا ہے تو وہ شور مچاتے ہیں کہ یہ تو ہمارے فلاں سیکٹر کا انچارج ہے۔ یہ ہمارا کارکن ہے۔ جب بھی کوئی بندہ پکڑا جاتا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا کارکن ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم بھی دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ ہم بھی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں۔ ہم بھی دہشت گردی کو لات مارتے ہیں۔ ہم بھی دہشت گردی پر لعنت بھیجتے ہیں۔ لیکن جب کوئی پکڑا جاتا ہے تو وہ اس کو اپنا اہم عہدیدار ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جناب عالی! حقیقت یہ ہے کہ مسلم لیگ نے سندھ میں اپنی حکومت کی بنیاد غلط اینٹوں پر استوار کر دی ہے۔ اس لئے اس کے نتائج اب پوری قوم کے سامنے ہیں۔ انہوں نے ابتداء میں ہی غلطی کی کہ ان کے ساتھ اتحاد کر لیا۔ اگر واقعتاً یہ بات ثابت ہے کہ MQM پوری نہ سہی تو ان کی صف میں ایک بڑا گروہ' ایک بڑی جماعت' ایک موثر قوت دہشت گردوں کی

گھسی ہوئی ہے تو پھر ان کے ساتھ کیوں اتحاد کرتے ہیں۔ میں سوالیہ انداز میں کہہ رہا ہوں۔ پھر اس وقت ان کے ساتھ اتحاد کرنا غلط تھا۔ یہ دہشت گرد کل کے بندے نہیں ہیں کہ کل ہی MQM میں شامل ہو گئے ہیں۔ یہ دہشت گرد اگر MQM کے کارکن ہیں، عہدیدار ہیں، MPA ہیں تو یہ آج کے نہیں، یہ اس وقت بھی اس میں شامل تھے اور انہی عہدوں پر فائز تھے جب ان کے ساتھ اتحاد کر رہے تھے۔ اگر یہ اصول ہیں تو وہاں پر گورنر راج کے سوا ان کے پاس کوئی چارہ نہیں تھا۔ کیا آپ بتائیں گے کہ اسلام آباد میں جو کچھ ہوتا ہے، روزانہ ڈاکے پڑتے ہیں، روزانہ بنکوں کو لوٹا جاتا ہے، روزانہ عصمتیں لوٹی جاتی ہیں، روزانہ گھروں پر ڈاکے پڑتے ہیں، روزانہ قتل ہوتے رہتے ہیں، اس کی کیوں پردہ پوشی کرتے ہیں۔ اگرچہ مجھے کچھ لوگ مشورہ بھی دیتے ہیں کہ آپ اس طرح بات نہ کیا کریں۔ مولانا عبداللہ صاحب کی شہادت پر ISI پردہ ڈال رہی ہے جبکہ میں ان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اس کی کوئی تفتیش نہیں ہے۔ یہاں اسلام آباد میں چند دن پہلے اہم شاہراہ پر ۴ علماء شہید ہو گئے لیکن اس کا کسی نے نوٹس نہیں لیا۔ اب یہ مولانا عبداللہ صاحب کی شہادت کا مسئلہ ہے، کوئی اس کا نوٹس نہیں لے رہا ہے لیکن وہاں حکیم سعید کی شہادت، اس کا مجھے بہت ہی احترام ہے، بہت ہی برا ہوا، بہت ہی برا ہوا، بہت ہی برا ہو ہے، حد سے زیادہ برا ہوا ہے، لیکن اگر اس کے لئے جواز ہے گورنر راج کا تو یہاں بھی تو کچھ کریں۔

جناب عالی! کسی بھی شکل میں ہو، چاہے گورنر راج کی شکل میں ہو، چاہے وہ بابر والا فلسفہ ہو، اگر دہشت گرد پکڑے جاتے ہیں تو ہم ان کی حمایت کرتے ہیں۔ اگر وہ غلط طریقے سے اپنی سیاسی مصلحتیں حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہم یقیناً ان کی مخالفت کرتے ہیں ۔ جناب عالی یہ حالت ہے آپ دیکھ رہے ہیں۔

Mr. Chairman : Wind up , please.

حافظ فضل محمد: ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار

یا الہٰی یہ ماجرا کیا ہے

ہم تو مزید بولنا چاہتے ہیں۔ چلو ہم بھی تسلیم خم کر ڈالیں گے کہ

بے نیازی تیری عادت ہی سہی۔

جناب چیئرمین: جی جناب ساجد میر صاحب۔

جناب ساجد میر : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین، سندھ میں گورنر راج کا نفاذ ایک طویل اور المناک پس منظر رکھتا ہے جس سے ہم سب ہی آگاہ ہیں۔ مگر مشکل یہ ہے کہ ہم قومی مسائل کو قومی حوالے سے دیکھنے کی بجائے انہیں ذاتی حوالے یا زیادہ سے زیادہ اپنے جماعتی حوالے سے دیکھتے ہیں۔ یہاں اس ایوان کے اندر اس موضوع پر جو تقریریں ہوئیں، ان میں غالباً سب سے بڑا اعتراض جو اس طرف سے آیا وہ یہ تھا کہ گورنر راج کے نفاذ سے صوبے کے عوام کے سیاسی حقوق متاثر ہوئے ہیں۔ اسے فیڈریشن کے ساتھ تعبیر کیا گیا۔ جناب والا! جب سندھ کے اور بالخصوص کراچی کے حالات وہ نہ ہوتے جو تھے تو یقیناً اسے ایک سیاسی ظلم قرار دیا جا سکتا تھا لیکن ان حالات کے حوالے سے جو اس روشنیوں کے شہر پر گزرے ہیں، ان کے حوالے سے یہ ایک ضرورت تھی، سرجیکل آپریشن کی ضرورت تھی جس کو پورا کیا گیا ہے۔ یہاں اس سلسلے میں پنجاب اور اسلام آباد کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ ملک کے دوسرے علاقوں کا حوالہ دیا گیا کہ وہاں بھی دہشت گردی کے، قتل و غارت کے واقعات ہوئے ہیں، وہاں گورنر رول کیوں نہیں نافذ کیا جاتا۔ جناب ایک فرق تو ہے تسلسل کا اور شدت کا کہ جس تسلسل اور شدت سے کراچی میں یہ واقعات ہو رہے تھے اس کا کوئی comparison نہیں ہے باقی جگہ کے حالات سے۔

شہر جس کو کہیں وہ مقتل ہے

گھر بنا ہے نمونہ زنداں کا

یہ اس روشنیوں کے شہر کا حال ہو چکا تھا۔ جناب اصل فرق یہ ہے کراچی کے حالات میں اور ملک کے دوسرے حصوں کے حالات میں، مثال کے طور پر پنجاب میں اگر دہشت گردی کے واقعات ہوتے ہیں تو حکومت کی بھرپور کوشش اور حکومت کی ایک will ان واقعات کو روکنے کے لئے موجود ہے۔ وہاں یہ نہیں ہوتا کہ دہشت گرد پکڑے جائیں اور کہیں سے فون آجائے کہ یہ ہمارا کارکن ہے، وہاں یہ نہیں ہوتا کہ فون آنے کے بعد پھر مجبوراً سیاسی مجبوریوں کے تحت اس نام نہاد کارکن کو چھوڑنا پڑے۔ اگر کسی طرح سندھ کی حکومت جس میں بہرحال مسلم لیگ بھی شامل تھی، ہمارے ایم کیو ایم کے دوست بھی شامل تھے، اگر یہ صوبائی حکومت بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرتی اور وہاں یہ چلن نہ ہوتا، یہ رواج نہ ہوتا، کہ دہشت گردوں کو، مجرموں کو پکڑا جائے اور اقتدار والے لوگ، حکومت میں بیٹھے ہوئے لوگ ان کی سفارشیں کر کے ان کو چھڑانے کی کوششیں کریں۔ اگر حکومت کے پاس political will موجود ہوتی اور اس کی کوشش جاری ہوتی

دہشت گردی پر اور قتل و غارت پر قابو پانے کی تو یقیناً وہاں بھی پنجاب اور دوسرے صوبوں کی طرح گورنر رول کی ضرورت پیش نہ آتی۔

ایک اور قابل ذکر اور قابل غور اعتراض جو ہمارے دوستوں نے کیا' وہ یہ تھا کہ اگر ایم کیو ایم دہشت گرد تھی، قتل و غارت گری پر یقین رکھتی تھی تو مسلم لیگ نے اسے اپنی حکومت میں پارٹنر کیوں بنایا؟ انہیں حکومت میں شامل کیوں کیا ؟ اس سلسلے میں ، میں گزارش کروں گا کہ مسلم لیگ نے یا کسی نے ایم کیو ایم کو بطور تنظیم کے blame نہیں کیا۔ میں یہاں پر کہنا چاہوں گا کہ ایم کیو ایم بہرحال سندھ کی اور کراچی کی ایک پولیٹیکل قوت ہے اور میاں نواز شریف کا یہی بہت بڑا contribution ہے ملک کے لئے کہ انہوں نے تمام علاقائی اور صوبائی پارٹیوں کو ہمیشہ main stream میں لانے اور main stream میں رکھنے کی کوشش کی ہے۔ اب تالی جناب دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ اگر صوبہ سرحد میں ، یا سندھ میں یا کسی اور جگہ کوئی علاقائی پارٹی اپنا نیشنل اور قومی رول چھوڑ کر واپس جانا چاہتی ہے صوبائی رول کی طرف' علاقائی رول کی طرف تو یہ اس کی اپنی مرضی ہے۔ ان حالات میں صرف حکومت کو یا وزیراعظم کو الزام دینا مناسب نہیں ہے۔ ہمارے ان دوستوں کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیئے اور غور کرنا چاہیئے کہ آخر وہ کیا حالات تھے کہ میاں نواز شریف جیسے بردبار اور مصمم انسان نے انتہائی شدید کوشش کرنے کے بعد کہ یہ لوگ main stream میں آئیں اور main stream میں رہیں' آخر کیا حالات تھے کہ یہ لوگ چلے گئے؟ اس سلسلے میں انہیں اپنی کارروائیوں پر' اپنی سوچوں پر ' بھی غور کرنا ہوگا اور ان کا جائزہ بھی لینا ہوگا۔

میں یہاں یہ بھی کہنا چاہوں گا جناب کہ اب' اس وقت بھی کراچی کے دہشت گردوں اور مجرموں کی سزا ایم کیو ایم کو بطور تنظیم نہیں دینی چاہیئے۔ جیسا کہ حکومت کے اعلانات سے بار بار واضح ہو رہا ہے کہ وہ اسے ایک دہشت گرد تنظیم کے طور پر نہیں لے رہے۔ کارروائی صرف دہشت گردوں کے خلاف ہو رہی ہے۔ کسی تنظیم کے خلاف نہیں، کسی جماعت کے خلاف نہیں۔ میں یہ چاہوں گا کہ یہ پالیسی برقرار رہے بلکہ اسے اور نکھارا جائے اور بہتر بنایا جائے۔ انتظامی اقدامات اس حد تک ہی کئے جائیں جس حد تک وہ ضروری ہیں اور وہ ضرورت ختم ہوتے ہی پھر از سر نو یہ کوشش کی جائے کہ سیاسی قوتوں کو' سیاسی انداز میں deal کیا جائے اور سیاسی انداز میں ان کے ساتھ گفتگو کر کے انہیں پھر main stream میں لایا جائے اور امن و امان کی بحالی میں ان

کو حصہ دار بنایا جائے۔ یہ ایک قومی مسئلہ ہے جس میں سارے افراد کو اور ساری جماعتوں کو تعاون کرنا چاہیئے۔ کراچی کی رونقوں کی بحالی، کراچی کی صنعتوں کی بحالی، کراچی میں امن و امان کی بحالی یہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کی دلیل ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قومی مسئلے کی طرف سب کی توجہ ہونی چاہیئے۔ پارٹی کی سیاست سے بالاتر ہو کر ہم سب کو اس میں تعاون کرنا چاہیئے۔

جہاں تک گورنر راج کی مخالفت برائے مخالفت کا تعلق ہے، میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ مخالفت کرنے سے پہلے ہمارے ان دوستوں کو ایک دفعہ پھر اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیئے کہ

رقم تھیں اپنے چہرے پر خراشیں
میں یہ سمجھا کہ آئینہ ٹوٹا پڑا ہے

حال یہ ہے کہ ان کے اپنے عہد اقتدار میں ایک نہیں دو صوبوں میں گورنر راج نافذ کیا گیا۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے، ہمارے دوستوں نے کہا کہ 234 کی بجائے 232 استعمال کیا گیا، وہ بھی بہرحال کتاب آئین کا حصہ ہے۔ اسے کتاب آئین سے ابھی نکالا نہیں گیا۔ اس میں کیا حرج ہے کہ ایک خاص دفعہ کی بجائے کوئی اور دفعہ استعمال کی جائے۔ بہرحال اس بات سے قطع نظر یہ کہنا کہ گورنر رول کیوں نافذ کیا گیا، کیا یہ سمجھتے ہیں کہ عوام کا حافظہ اتنا کمزور ہے کہ وہ بھول گئے ہیں کہ سرحد میں، صوبہ پنجاب میں صرف ایک مقصد کے لئے، صرف ایک مقصد کے لئے گورنر رول نافذ کیا گیا۔ یہاں تو بہت بڑا مقصد تھا، بہت بڑا ایجنڈا تھا، امن و امان کی بحالی کا، سندھ میں، کراچی میں، لیکن پنجاب میں کیا تھا؟ سرحد میں کیا تھا؟ وہاں ایک شخص کو ہٹا کر اس کی جگہ دوسرا آدمی لانا تھا۔ منظور وٹو کو ہٹانے کے لئے، یا صابر شاہ کو ہٹانے کے لئے۔ صرف اس مقصد کے لئے گورنر رول نافذ کیا گیا اور اس کے علاوہ اس کا کوئی مقصد نہیں تھا۔ جناب میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ ہماری سیاست میں منافقت اور دہرا معیار ختم نہیں ہوتا۔ جو سیاست دانوں کا اعتبار باقی رہا تھا وہ بھی عوام کی نگاہ میں جاتا رہے گا، یہ گھسا ہو فقرا روزانہ سنتے ہیں کہ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی اور اس کی آڑ میں کیا کیا کھیل کھیلے جاتے ہیں کہ وہ قوت یا وہ افراد جن سے کل تک بات کرنے کے لئے تیار نہیں تھے ہمارے یہ دوست، مجھے یاد ہے جناب اسی ایوان میں کی ہوئیں وہ تقریریں، جب ہم کہا کرتے تھے کہ ایم کیو ایم کو بطور ایک سیاسی تنظیم کے deal کرو۔ انتظامی اقدامات جو ضروری ہیں وہ بھی کرو، لیکن ساتھ سیاسی انداز میں وہ بھی کرو، مجھے یاد ہیں وہ تقاریر جن کے اندر کہا جاتا تھا کہ دہشت گردوں سے ہم گفتگو کرنے

کے لئے تیار نہیں۔ ان کے ساتھ بیٹھنے کے لئے تیار نہیں، ان کے ساتھ بات کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اب وہی بہن، بھائی کو پیغام بھیج رہی ہے کہ بھائی غصہ تھوک دو، آؤ پھر مل بیٹھیں۔ "آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں"۔ پھر ان کو یہ پیغام رسانی ہو رہی ہے پھر ان کو یہ پیغام دیا جا رہا ہے۔ یہ سیاست کا کیا اصول ہے کہ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی، کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر قسم کی بے اصولی کو، ہر قسم کی منافقت کو روا رکھا جائے، کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جن کو کل تک ہم ہر لحاظ سے مجرم قرار دیتے رہیں، غلط یا صحیح آج ان کی منت خوشامد کی جائے کہ وہ ہمارے ساتھ مل جائے۔ جب تک یہ بے اصولی اور منافقت ختم نہیں ہوتی اس وقت تک پاکستان کی سیاست کی اصلاح ممکن نہیں۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔

جناب ساجد میر۔ آخری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں جناب! یہاں یہ کہا گیا کہ حکیم محمد سعید صاحب بہت بڑے آدمی تھے لیکن بہرحال وہ ایک فرد تھے۔ میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ حکیم محمد سعید کا قتل ایک فرد کا قتل نہیں ہے ایک ادارے کا قتل بھی نہیں ہے کئی اداروں کا قتل ہے۔ وہ شخص جس طرح کئی ادارے چلا رہا تھا کئی اداروں کا یہ ایک institution کا نہیں، کئی institutions کا قتل ہے۔ اس سے قطع نظر یہ کہا گیا کہ ایک آدمی کی وجہ سے، ایک قتل کی وجہ سے Governor rule لگایا گیا۔ جناب ایسی بات نہیں یہاں وہ اونٹ کی پیٹھ پر آخری تنکے والا محاورہ بھی صحیح نہیں، آخری تنکا نہیں جب اونٹ کی پیٹھ پر آخری وزنی سل، آخری وزنی پتھر رکھا گیا تو حکومت کو مجبور ہو کر یہ اقدام کرنا پڑا۔ یہ اقدام مجبوری کا نتیجہ ہے اور مجھے یقین ہے کہ مجبوری کی حد تک ہی انتظامی اقدامات کو استعمال کیا جائے گا۔ کسی تنظیم کو، کسی جماعت کو بطور تنظیم اور جماعت نشانہ نہیں بنایا جائے گا اور یوں ہی حالات سازگار ہوں گے۔ انہیں دوبارہ political mainstream میں لانے کی کوشش کی جائے گی۔ بہت، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ جی نو بج گئے ہیں جی

So, the House is adjourned to meet again tomorrow at 5.00 PM.

[The House was then adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Wednesday, November 18, 1998].